10/06/2025

07.4O PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ شیخ تجمل احمد سے خبریں سُنئیے

پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔

ہیڈ لائنز

*........سیوا ، سوشاسن اور غریب کلیان کے 11 سال // وزیر اعظم نے دفاع اور کھیل کود کے سیکٹروں میں کی پیش رفت اُجاگر ۔

*........ دفعہ370کی تنسیخ کے بعد جموںو کشمیر امن و ترقی کی راہ پر گامزن// دہرا دون میں قومی سلامتی اور دہشت گردی کے موضوع پر مذاکرے سے وزیر دفاع کا خطاب۔

*........ جموںو کشمیر کےلئے پر دھان منتری گرامین سڑک یوجنا کے تحت4ہزار224کروڑ روپے کے ساتھ اب تک کا سب سے بڑا مالی پیکیج منظور۔

اور

*........ چیف سیکریٹری نے توانائی کے سیکٹر کو مضبوط کرنے کےلئے PM-سوریہ گھر مفت بجلی یوجنا سے بھر پور فائدہ اُٹھانے پر دیا زور

PM دفاع

سیوا ، سوشا سن اور غریب کلیان کے رہنما خطوط پر آگے بڑھتے ہوئے بھارت میںپچھلے11سال ملک کےلئے قابل قدر اصلاحات کی ایک دہائی ثابت ہوئی ہے۔

سرکار کے11 سال میں بھارت کے دفاعی سیکٹر  NDAوزیر اعظم نریندر مو دی نے میں قابل قدر پیش رفت اُجاگر کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیراعظم نے کہا کہ دفاعی شعبے کی جدید کاری کے ساتھ ساتھ اہم توجہ اس سیکٹر میں خود کفالت حاصل کرنے پر مرکوز ہے۔

راجناتھ سنگھ

دریں اثناءوزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے بھی دفاعی سیکٹر میں گذشتہ11برس کی تاریخی کایا پلٹ کو اُجاگر کیا ہے۔ اُترا کھنڈ کے دہرا دون میں” قومی سلامتی اور دہشت گردی“ کے موضوع پر منعقدہ ایک مذاکرے سے خطاب کر تے ہوئے وزیر دفاع نے کہا کہ آپریشن سندور نے ملک کے سکیورٹی نظام کو تبدیل کر دیا ہے۔
انہوںنے کہا کہ بھارت اپنی سرحدوں کی حفاظت کر رہا ہے اور اسکے لئے ایک ایسا نظام تیار کیا گیا ہے جو ملک کو سٹریٹجک اعتبار، اقتصادی اور تکنیکی طور سے مضبوط بناتا ہے۔

وزیر دفاع نے کہا کہ دفاع کے شعبے میں ایک لاکھ75ہزار کروڑ روپے کی پیدا وار ہو چکی ہے جبکہ محض اس سال30ہزار کروڑ روپے کی دفاعی بر آمدات کا حدف مقرر کیا گیا ہے۔

راجناتھ سنگھ نے کہا کہ دفعہ370کی تنسیخ کے بعد جموںو کشمیر امن و ترقی کا ایک نیا دور شروع ہو گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمسایہ ملک کو جب یہ برداشت نہیں ہوا تو اُس نے پہلگام حملے کی سازش رچائی۔ انہوںنے کہا کہ ایسا کر کے بھی پاکستان جموںو کشمیر میں ترقیاتی عمل کو نہیں روک سکا ہے۔

PMکھیل

اس دوران وزیر اعظم نے کہا ہے کہ نوجوانوں کی صلاحیتوں کو چار چاند لگانے پر مرکوز بھارت میں کھیل کود کا بنیادی ڈھانچہ اس قدر بڑھایا جا رہا ہے، جس کی بدولت بھارت عالمی سطح پر کھیل کو کا ایک مرکز بننے کی طرف گامزن ہے۔

انہوںنے اس سلسلے میں کھیل کود کے مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ منڈاویہ کا ایک مضمون مشترک کیا، جس میں وزیر موصوف نے کھیل کود کے سیکٹر کی

حصولیابیوں کو اُجاگر کیا ہے۔ انہوننے کہا ہے کہ گذشتہ ایک دہائی میں کھیل کو د اور امور نوجوان کی وزارت کا بجٹ تین گنا بڑھادیا گیا ہے۔

ایک اہم پیش رفت کے تحت جمونو کشمیر کےلئے پر دھان منتری گرامین سڑک یوجنا کے تحت اب تک کا سب سے بڑا مالی پیکیج منظور ہو گیا ہے۔ جمونو کشمیر اُن پہلی ریاستوں // اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں سے ایک ہے، جس کے تحت4ہزار224کروڑ Batch کے چوتھے مرحلے کے پہلےPMGSY کےلئے روپے کی تخمینہ لاگت والے316 سڑک پروجیکٹ منظور کئے گئے۔

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے اس پیکیج کی منظوری کےلئے وزیراعظم نریندر مو دی اور دیہی ترقی کے مرکزی وزیر شیو راج سنگھ چوہان کا شکریہ ادا کیا ہے۔

مجموعی طور پر اس پیکیج سے دور اُفتادہ علاقوں میں ڈھائی سو نفوس سے زیادہ کی آبادی والی 390 مستحق بستیوں کوعبور و مرور کی سہولیات فراہم ہونگی، جہاں 1ہزار781 کلو میٹر کی اس سڑک مسافت کی بدولت ترقی کا ایک نیا دور شروع ہوگا۔

الیکشن کمشنر

بھارت کے چیف الیکشن کمشنر گیانیش کمار10جون سے الیکٹورل انٹگریٹی کے کانفرنس میں شرکت کرنے کی غرض IDEA بارے میں منعقد ہونے والی بین الاقوامی سے سویڈن کے دورے پر جا رہے ہیں۔

چناوٰی بندو بست کے شعبے میں بھارت کے قائیدانہ رول کےلئے گیانیش کمار کو کانفرنس کی افتتاحی تقریب میں کلیدی تقریر کرنے کےلئے مدعو کیا گیا ہے۔ وہ وہاں بھارتی برادری کے افراد سے بھی ملاقات کریں گے۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے توانائی کے شعبے کو تقویت بخشنے کےلئے پی ایم سوریہ گھر مفت بجلی یوجنا سے بھر پور فائدہ اٹھانے پر زور دیا ہے۔ سرینگر میں اعلیٰ سطح کی ایک میٹنگ کے دوران انہوننے کہا کہ مرکزی سرکار کے اس فلیگ

شپ پروگرام کے تحت عام لوگوں کے گھروں اور سرکاری عمارتوں کی چھتوں پر زیادہ سے زیادہ سولر یونٹوں کی تنصیب عمل میں لائی جانی چاہئے۔

انہوں نے جموں پاور ڈسٹریبوشن کارپوریشن لمیٹیڈ اور کشمیر پاور ڈسٹریبوشن کارپوریشن لمیٹیڈ کو ہدایت دی کہ وہ متعلقہ ویندڑرس کو سولر یونٹوں کی تنصیب مقررہ مدت کے اندر مکمل کرنے کےلئے جواب دہ بنائیں۔

محبوبہ مفتی

پی ڈی پی صدر محبوبہ مفتی نے کہا ہے کہ سیاحت کی بحالی کےلئے تمام متعلقین کو اپنا بھر پور رول ادا کرنا ہو گا۔ انہوننے اس سلسلے میں ہوٹل مالکان، گھوڑے بانوں اور ٹیکسی آپریٹروں سے تجاویز طلب کیں۔

پہلگام میں آج پارٹی ورکروں کی ایک میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے پہلگام حملے کی مذمت کر تے ہوئے متاثرین کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا۔انہوننے سرکار سے اپیل کی کہ سیاحت کی بحالی کےلئے پارکوں کو کھول دیا جائے۔

آنے والی شری امر نا تھ جی یاترا کے بارے میں ہمارے نمائندے تصدق رشید سے بات کر تے ہوئے محبوبہ مفتی نے کہا۔

اس موقعے پر تقریر کرنے والوں میں پی ڈی پی کے نائب صدر محمد سرتاج مدنی اور پارٹی کے جنرل سیکریٹری عبدالرحمان ویری بھی شامل تھے۔

کرشی سنکلپ

ملک بھر میں جا ری15روزہ وِکست کرشی سنکلپ ابھیان کے تحت بیداری پروگراموں کا انعقاد جا ری ہے۔ جمونو کشمیر میں بھی اس مہم کے تحت کسانوں کو زرعی شعبے کی سکیموں ، کاشتکاری کے سائنسی طور طریقوں اور اعلیٰ معیار کے بیجوں کے بارے میں ضروری جانکاری فراہم کی جارہی ہے۔

شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچرل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی،کشمیر میں چیف سائنٹسٹ اور ڈائریکٹر ایکسٹنشن// ڈاکٹر رئیحانہ حبیب کنٹھ نے بتایا کہ وادی مینمہم کی اختتامی تقریب اب12جون کے بجائے14جون کو منعقد کی جائے گی۔

ابھیان کے بارے مینڈاکٹر رئیحانہ حبیب کے ساتھ ریکارڈ کیا گیا ایک خصوصی پروگرام ہمارے یہاں سے آج رات ساڑھے8بجے نشر ہو گا۔ انکے ساتھ شریک گفتگو ہونگے آکاشوانی نیوز سرینگر کے سربراہ طارق راتھر۔

یونیورسٹی

کشمیریونیورسٹی کی وائس چانسلر پروفیسر نیلو فر خان نے کہا ہے کہ NAAC کی درجہ بندی میں اس ادارے کو A++درجہ حاصل ہونا ایک بڑی حصولیابی ہے۔

اس سلسلے میں آج ایک پریس کانفرنس کے دوران پروفیسر نیلو فر خان نے کہا کہ یہ پیش رفت نہ صرف ہماری لگا تار ترقی کی عکاسی کر تی ہے بلکہ معیاری تدریس و تحقیق، اختراع اور شمولیاتی ترقی میں ادارے کے قائیدانہ رول کو مزید تقویت بخشتی ہے۔

اس موقعے پر ڈین اکاڈمکس پروفیسر پیر زادہ شریف الدین// ڈین ریسرچ پروفیسر محمد سلطان بٹ// رجسٹرار پروفیسر نصیر اقبال// کنٹرولر امتحانات ڈاکٹر ماجد زماں// اور ڈائریکٹوریٹ آف انٹرنل کوالٹی ایشوورنس کے ڈائریکٹر پروفیسر منظور احمد شاہ بھی موجود تھے۔ نظامات کے فرائض میڈیا ایڈوائزر پروفیسر مصور احمد نے انجام دیئے۔

غور طلب ہے کہ کشمیر یونیورسٹی اور جموں یونیورسٹی کو NAAC کی درجہ بندی میں ++A کا درجہ حاصل ہوا، جس پر لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا اور حالیہ دنوں میں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے دونوں یونیورسٹیونکے وائس چانسلروں، عملے طالب علموں کو مبارکباد پیش کی۔

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

آکاشوانی کی موبائیل اپلیکشن نیوز آن AIR اور DTH پربھی سماعت کر خبریںآپ سکتے ہیں۔

نیشنل کانفرنس کے جنرل سیکریٹری علی محمد ساگر نے کہا ہے کہ این سی کی قیادت والی جمونو کشمیر سرکار عوام کے ساتھ کئے گئے وعدوں پر کار بند ہے۔ وہ آج پارٹی ہیڈ کواٹر سرینگر میں نیشنل کانفرنس کے کارکنوں اور عہدیداروں کے ایک جلسے سے خطاب کر رہے تھے۔

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ اور نائب صدر عمر عبداللہ نے مرزا محمدافضل بیگ اور خواجہ غلام محی الدین شاہ کو انکے یوم وِصال پر خراج عقیدت ادا کیا ہے۔ انہوں نے مرحومین کی خدمات کو یاد کر تے ہوئے انکی عوامی خدمات کی سراہنا کی ہے۔

پارٹی صدر اور نائب صدر نے ساتھ ہی نیشنل کانفرنس کے دیرنہ رکن درد پورہ سوگام کے بلاک صدر خواجہ عبدالصمد گنائی کے انتقال کرنے پر صدمے کا اظہار کر تے ہوئے سوگوار کنبے کے ساتھ تعزیت کی۔

نیشنل کانفرنس کی اقلیتی سیل کے کنوینر جگدیش سنگھ آزاد نے شری گرو ہر گوبند جی مہاراج کے430ویں یوم پیدائش کے سلسلے میں وادی کے گردواروں میں ضروری انتظامات کرنے کی اپیل کی ہے۔

یو گا

اس سال پوری دنیا کے ساتھ بھارت میں بھی21جون کو یوگا کا بین الاقوامی دن منایا جا رہا ہے۔ اس سال اس دن کا موضوع ہے Yoga for one Earth, one Health ۔ یو گا کے بین الاقوامی دن کے موقعے پر انسان کی جسمانی اور ذہنی نشو نما کو یقینی بنانے میں یو گا کے رول کو اُجاگر کیا جاتاہے۔

یو گا کی اہمیت کے بارے میں کشمیر میں آرٹ آف لِونگ ادارے کی ریجنل ڈائریکٹر وندنا دفتری نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

انتقال

دوردرشن سرینگر کی پروگرام سربراہ رابیہ رسول کی والدہ محترمہ شفیقہ اختر مختصر علالت کے بعد آج انتقال کر گئیں۔ انہیں آج بعد دوپہر اپنے آبائی قبرستان میں مدفون کیا گیا۔

آکاشوانی سرینگر کے پروگرام سیکشن // نیوز روم اور دیگر اکائیوں سے وابستہ عملے نے سوگوار کنبے خاص طور پر رابیہ رسول کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا ہے۔

نشہ مکت ابھیان

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں-وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

جموں کشمیر میں نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے لازمی اقدامات کے بارے مینسرکردہ سٹیج ادا کار گلفام بارجی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

ملاقات

آل جمونو کشمیر شیعہ ایسو سی ایشن کے صدر اور پیپلز کانفرنس کے سیکریٹری جنرل عمران رضا انصاری نے آج لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کر کے ان کے ساتھ آنے والے محرم الحرام کے سلسلے میں ضروری امور پر تبادلہ خیال کیا۔

اس دوران بی جے پی کے ترجمان ڈاکٹر ابھی جیت جسروٹیہ نے بھی لیفٹنٹ گورنر سے ملاقات کر کے انکے ساتھ کئی امور پر تبادلہ خیال کیا۔

شہر شہر منظر

سامعین ہمارے ہفتہ وار پروگرام شہر شہر منظر میں اپنے مسائل اُجاگر کرنے کےلئے آپ سوموار، منگلوار اور بدھ کو صبح ساڑھے دس بجے سے دن میں12بجے تک ٹیلیفون نمبر 0194-2452019 پر کال کر سکتے ہیں۔ یہ پروگرام جمعرات کو ساڑھے 9بجے نشر ہو تا ہے۔

**جموں گرمی**

جمونو کشمیر خاص طور پر یوٹی کے جموں ڈویژن میں ان دنوں گرمی کی شدید لہر ، جہاں دن کا پارہ44اعشاریہ4ڈگری سیلسیس جبکہ صوبے کے سانبہ ضلعے میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت46اعشاریہ6ڈگری سیلسیس تک پہنچ گیا ہے۔

ہمارے جموں کے نمائندے نے خبر دی ہے کہ محکمہ موسمیات نے اس مو سم میں معمول سے بھی4ڈگری زیادہ درجہ حرارت کی پیشگوئی کی ہے۔

**موسم**

ادھر وادی میں بھی آج اچھی خاصی گرمی تھی۔سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 33اعشاریہ5ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 17اعشاریہ3ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس دوران محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران موسم عام طور پر گرم اور خشک رہنے کا امکان ہے .

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر19 منٹ پر اور

غروب آفتاب شام7بجکر43منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ۔

.....................................................

.......................................

....................

..........